## 2181 ـ كھڑے ہو كر وضوء كرنا، اور پانى پينا اور پيشاب كرنا

**سوال**

كيا كھڑے ہو كر وضوء كرنے، اور پانى پينے اور پيشاب كرنے ميں كوئى حرج ہے ؟

**پسنديده جواب**

الحمد لله.

مسلمان كے ليے جس طرح آسانى ہو بيٹھ كر يا كھڑے ہو وضوء كر سكتا ہے، اور اس كے ليے كھڑے ہو اور بيٹھ كر پانى پينا جائز ہے، ليكن بيٹھ كر پانى پينا افضل ہے، اور اسى طرح ضرورت كى بنا پر كھڑے ہو پيشاب كرنا بھى جائز ہے، ليكن اس كى شرمگاه كوئى دوسرا نہ ديكھ رہا ہو، اور نہ ہى پيشاب كے چھينٹے اڑ كر اس پر پڑھتے ہوں، ليكن بيٹھ كر پيشاب كرنا افضل ہے؛ كيونكہ نبى كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا غالب فعلى يہى تھا.